قافلۂ معاد

اہلیہ حضرت درخواستیؒ

حافظ الحدیث حضرت مولانا عبد اللہ درخواستی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اہلیہ محترمہ گزشتہ دنوں خانپور میں انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک دل، عبادت گزار اور خدا ترس خاتون تھیں اور حضرت درخواستیؒ کی علمی و دینی جدوجہد میں ان کی شریک کار رہیں۔

حضرت مولانا سید فیض علی شاہؒ

دار العلوم دیوبند کے سابق مدرس اور ہزارہ کے بزرگ عالم دین حضرت مولانا سید فیض علی شاہؒ کا گزشتہ دنوں مانسہرہ میں انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ دار العلوم دیوبند کے مایہ ناز فضلاء میں سے تھے اور حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ نے انہیں خصوصی سند بھی عطا فرمائی تھی۔ عمر کا بیشتر حصہ درس و تدریس میں گزرا اور کچھ عرصہ گوجرانوالہ کے مدرسہ اشرف العلوم میں بھی تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ کئی برسوں سے برطانیہ کے شہر بولٹن میں مقیم تھے، ان کے فرزند مولانا سید اسعد شاہ برنلی (برطانیہ) کی جامع مسجد فاروق اعظمؓ میں خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

حضرت مولانا محمد امین صفدر اوکاڑویؒ

اہل سنت کے معروف مناظر حضرت مولانا محمد امین صفدرؒ کا گزشتہ دنوں انتقال ہوگیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون وہ عیسائیت اور قادیانیت کے محاذ پر ایک کامیاب مناظر تھے اور احناف کی عوامی سطح پر وکالت کا خصوصی ملکہ رکھتے تھے۔ انہوں نے اس شعبہ میں قابل قدر خدمات سرانجام دیں اور خاص طور پر نوجوان علماء کی تربیت کی طرف توجہ دی جو ان کا صدقہ جاریہ رہے گا۔

حضرت مولانا محمد لقمان علی پوریؒ

جمعیت علماء اسلام کے ممتاز راہنما حضرت مولانا محمد لقمان علی پوریؒ گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ انہوں نے تحریک ختم نبوت اور تحریک نفاذ شریعت میں گراں قدر خدمات سرانجام دیں اور کئی بار قید و بند کی صعوبتوں سے دوچار ہوئے۔ اپنے علاقہ کے عوام کی سماجی خدمات میں پیش پیش رہتے تھے۔

مولوی عبد الغفورؒ

مولانا زاہد الراشدی کے ہم زلف قاری محمد اسلم شہزاد کے والد محترم مولوی عبد الغفور صاحب گزشتہ دنوں عمرہ کی ادائیگی کے بعد مدینہ منورہ جاتے ہوئے راستہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ وہ نیک دل اور خدا ترس بزرگ تھے اور گوجرانوالہ کچی پمپ والی کی ایک مسجد میں بے لوث خدمت سر انجام دیتے تھے۔

ہم دعا گو ہیں کہ اللہ رب العزت ان سب بزرگوں کی حسنات قبول فرمائیں۔ سیئات سے درگزر کریں اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازتے ہوئے ان کے پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دیں۔ آمین یا رب العالمین۔ (ادارہ)

اسلام اور ملت اسلامیہ کے خلاف عالمی کفر کی سازشوں، بین الاقوامی لابیوں کی سرگرمیوں

اور نفاذ اسلام کی جدوجہد کے علمی و فکری تقاضوں سے آگاہی کے لیے

پندرہ روزہ **الشریعہ** گوجرانوالہ

کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور دوسرے دوستوں کو بھی مطالعہ کی ترغیب دیجئے۔